فوری ریلیز کے لیے: 2023/28/4 **گورنر KATHY HOCHUL**

## گورنر HOCHUL نے نیویارک کے شہریوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں اپ ڈیٹ کیا ہے

### گورنر نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف بچاؤ اور اس کے علاج کے ذرائع: ویکسینز، بوسٹرز، ٹیسٹنگ اور علاج کا استعمال جاری رکھنے کے لیے ترغیب دی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک کے شہریوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں تازہ ترین صورتحال سے آگاہ کیا اور ان بنیادی اقدامات کی نشاندہی کی جو وہ وائرل ہونے والے سانس کے انفیکشنز سے بچنے کے لیے اٹھا سکتے ہیں۔

"آئندہ آنے والے زیادہ گرم موسم کے باوجود، نیو یارک کے شہریوں کو چاہیئے کہ وہ اس موسم بہار میں خود کو، اپنے عزیزوں کو، اور اپنی کمیونٹیز کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے لیے مستعد رہیں اور تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانا جاری رکھیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "بوسٹر ڈوز لگوائیں اور ویکسین کے ڈوزز تازہ ترین رکھیں، اجتماعات میں شرکت کرنے یا سفر کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروانا یقینی بنائیں، اور اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آ جائے تو اپنے ڈاکٹر کے ساتھ علاج کے ممکنہ اختیارات کے متعلق بات کریں۔"

گورنر Hochul نیویارک کے شہریوں کو ترغیب دے رہی ہیں کہ پرہیز کے عمومی اقدامات کیے جائیں — مثلاً ویکسین کے متعلق تازہ ترین معلومات سے آگاہ رہنا اور حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرنا — تاکہ COVID-19 سے بچ سکیں۔ گورنر Hochul نیویارک کے باشندوں کو اپنے بائی ویلنٹ COVID-19 ویکسین بوسٹرز لگوانے کی بھی مسلسل تاکید کر رہی ہیں، جو وائرس کے اصل سٹرین اور اس کی گردش کرتی ہوئی دیگر اقسام دونوں کو ہدف بناتے ہیں۔

بوسٹر کے لیے ایک اپائنٹمنٹ طے کرنے کی خاطر، نیویارک کے باشندے اپنی مقامی فارمیسی، کاؤنٹی محکمۂ صحت یا نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں؛ vaccines.gov ملاحظہ کریں؛ اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کریں یا قریبی مقامات تلاش کرنے کے لیے 1-800-232-0233 پر کال کریں۔

ریاست نیویارک کے محکمہ صحت نے حال ہی میں 12 ہفتوں کی COVID-19 مہم کا ٹیلی وژن، سوشل میڈیا اور اسٹریمنگ سروسز پر آغاز کیا ہے تاکہ نیویارک کے وہ شہری جو دیرینہ طبی علامات کا شکار ہیں وہ تجویز کردہ بائی ویلنٹ بوسٹر لگوانے، اور شدید بیمار ہونے یا ہلاک ہونے سے بچنے کے لیے اس بوسٹر کے متعلق تازہ ترین معلومات سے باخبر رہنے کی اہمیت کو سمجھیں۔ ان علامات میں 65 سال یا اس سے زائد عمر کا ہونے سمیت، حاملہ، موٹاپے کا شکار ہونا، ذیابیطس، یا دل یا پھیپھڑوں کی بیماری میں مبتلا ہونا، یا مدافعتی نظام کی کمزوری میں مبتلا ہونا شامل ہیں۔

وفاقی حکومت کی اس تجویز سے قبل کہ COVID-19 پبلک ہیلتھ ایمرجنسی 11 مئی سے ختم کر دی جائے، آئندہ نوٹس تک ریاست نیویارک کے COVID-19/ویکسین کے خبرنامے ہر ہفتے جمعے کے دن جاری کیے جائیں

گے۔ COVID-19 اور ویکسین کا تازہ ترین ڈیٹا ریاست نیویارک کے محکمہ صحت کے [آن لائن ٹریکر] پر 7/24 دستیاب رہے گا۔

مزید برآں، ریاستی محکمۂ صحت COVID ڈیٹا جمع کرنے اور رپورٹنگ میں تبدیلیوں کا جائزہ لے رہا ہے جس کام میں ان کے ساتھ مقامی شعبۂ جاتِ صحت اور نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ ادارے شامل ہیں، تاکہ فراہم کنندگان پر بوجھ کو کم کیا جائے اور بیماری کی صورتحال پر نظر رکھنے اور نگہداشتِ صحت کے ترسیلی نظام کی صلاحیت برقرار رکھنے کے لیے ڈیٹا کے دیگر ذرائع سے بھی فائدہ اٹھایا جا سکے۔ ایجنسی COVID-19 کے خطرے سے نمٹنے کے لئے ہمہ وقت تیار اور پرعزم ہے، اور نیویارک کے شہریوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ COVID-19 سے بچاؤ اور علاج کے لئے مندرجہ ذیل ٹولز اور اقدامات کا استعمال کریں: ویکسینز، بوسٹرز، ٹیسٹنگ اور علاج۔

COVID-19 کے ہفتہ وار اعداد و شمار کا خلاصہ ذیل میں پیش کیا گیا ہے:

- **7 دن کے اوسط کیسز فی k100** - 2.60
- **گزشتہ 7 روز میں کُل مثبت کیسز** - 3,558
- **گزشتہ 7 روز میں رپورٹ کردہ ٹیسٹوں کے نتائج -** 222,578
- **آج تک کُل مثبت -** 6,672,254
- **مریضوں کے ہسپتال میں داخلے کی 7 روزہ اوسط -** 684
- **نئے داخل کردہ مریضوں کی 7 روزہ اوسط -** 85
- **ICU میں داخل مریضوں کی 7 روزہ اوسط** - 82
- **ICU میں داخل ان مریضوں کی 7 روزہ اوسط جنہیں ہوا کی نالی لگی ہوئی ہے** - 38
- **HERDS کے ذریعے گزشتہ 7 روز میں نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے رپورٹ شدہ نئی اموات** - 54
- **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے رپورٹ کردہ کُل اموات** - 62,447

ہیلتھ الیکٹرانک رسپانس ڈیٹا سسٹم ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت کی جانب سے اعداد و شمار کا ایک ماخذ ہے جو صرف ہسپتالوں، نرسنگ ہومز اور بالغ افرد کی دیکھ بھال کرنے والی سہولت گاہوں کے رپورٹ کردہ مصدقہ اعداد و شمار جمع کرتا ہے۔

- **CDC کو رپورٹ کردہ اور ان کی مرتب کردہ کُل اموات** - 79,467

ریاستی محکمۂ صحت اور نیویارک سٹی کی جانب سے CDC کو رپورٹ کردہ COVID-19 کے روزانہ کے عارضی ڈیتھ سرٹیفکیٹ کے اعداد و شمار میں وہ افراد شامل ہیں جن کا انتقال ہسپتالوں، نرسنگ ہومز، بالغوں کی دیکھ بھال کرنے والی سہولت گاہوں سمیت کسی بھی جگہ، گھروں میں، ہسپتالوں میں، اور دیگر مقامات پر ہوا ہو۔

- **ویکسین کی لگائی گئی کُل خوراکیں -** 44,001,156
- **گزشتہ 7 دنوں میں لگائی گئی ویکسین کی کل خوراکیں -** 27,360
- **نیویارک کے 18 سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے -** 85.6%
- **نیو یارک کے 18 سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے (CDC) -** 90.8%
- **نیو یارک کے 18 سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں -** 16.6%

- **نیویارک کے 17-12 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے - 74.7%**
- **نیو یارک کے 17-12 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے (CDC) -** %76.5
- **نیو یارک کے 17-12 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں -** %6.8
- **نیویارک کے 11-5 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے - 40.2%**
- **نیو یارک کے 11-5 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے (CDC) -** %41.2
- **نیو یارک کے 11-5 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں -** %4.1
- **نیو یارک کے 4-0 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے - 8.1%**
- **نیو یارک کے 4-0 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں -** %8.1
- **نیویارک کے ان تمام باشندوں کی شرح فیصد جن کی ویکسین سیریز مکمل ہو چکی ہے -** %76.6
- **نیویارک کے ان تمام باشندوں کی شرح فیصد جن کی ویکسین سیریز مکمل ہو چکی ہے (CDC) -** %81.0
- **نیویارک کے تمام باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں -** %14.4

جمعرات، 27 اپریل تک ہر علاقے کی 7 روزہ کیسز کی اوسط فی 100,000 آبادی:

| **علاقہ** | **7 دن کی اوسط، کیسز فی k100** |
|---|---|
| Capital Region | 2.19 |
| Central New York | 1.55 |
| Finger Lakes | 2.76 |
| Long Island | 2.52 |
| Mid-Hudson | 4.01 |
| Mohawk Valley | 1.91 |
| New York City | 2.64 |
| North Country | 1.88 |
| Southern Tier | 1.96 |
| Western New York | 1.71 |
| **ریاست گیر** | **2.60** |

نیویارک کے باشندے جو 5 تا 11 سالہ بچوں کے لیے ویکسین کی اپائنٹمنٹس شیڈول کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں انہیں ترغیب دی جاتی ہے کہ اپنے بچوں کے ماہرِ اطفال، خاندانی فزیشن، کاؤنٹی کے صحت کے محکموں، وفاق کی جانب سے سندیافتہ صحت کے مراکز، دیہی مراکزِ صحت، یا فارمیسیز سے رابطہ کریں جو اس عمر کے گروپ کے لیے ویکسین لگا رہے ہوں۔ والدین اور سرپرست vaccines.gov ملاحظہ کر کے، اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کر کے، یا 1-800-232-0233 پر کال کر کے قریبی مقامات کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں۔ اطمینان کر لیں کہ فراہم کنندہ Pfizer-BioNTechCOVID-19 ویکسین کی پیشکش کرتا ہے، کیونکہ ابھی تک اس عمر کے گروپ کے لیے دیگر COVID-19 ویکسینز کی اجازت نہیں ہے۔

نئی معلومات، عمومی سوالات اور ان کے جوابات؛ اور عمر کے اس گروپ والے والدین اور سرپرستوں کے لیے خصوصی طور پر تیار کیے گئے وسائل کے لیے محکمۂ صحت کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**علاقائی ویکسینیشن کا ڈیٹا بلحاظ فراہم کنندہ کا محلِ وقوع**

نیویارک کے جن باشندوں نے ویکسین اور بوسٹر ڈوز لگوا لی ہے، علاقے کے حساب سے ان کے مجموعی میزان حسبِ ذیل ہیں:

| علاقہ | مکمل کردہ سیریز | اپ ٹو ڈیٹ |
|---|---|---|
| Capital Region | 911,622 | 232,307 |
| Central New York | 617,386 | 151,782 |
| Finger Lakes | 830,707 | 245,897 |
| Long Island | 2,026,870 | 383,938 |
| Mid-Hudson | 1,576,900 | 345,547 |
| Mohawk Valley | 312,264 | 71,049 |
| New York City | 7,491,999 | 1,037,177 |
| North Country | 285,756 | 63,913 |
| Southern Tier | 420,623 | 109,436 |
| Western New York | 915,463 | 235,113 |
| **ریاست گیر** | **15,389,590** | **2,876,159** |

COVID-19 ویکسین ٹریکر ڈیش بورڈ نیویارک کے شہریوں کو COVID-19 ویکسین کی تقسیم کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ ریاستِ نیویارک کا محکمۂ صحت ویکسین لگانے والی سہولت گاہوں پر لازم کرتا ہے کہ وہ COVID-19 ویکسین لگانے کے تمام اعداد و شمار کی اطلاع 24 گھنٹوں کے اندر کر دیں؛ ڈیش بورڈ پر ویکسین لگانے کے اعداد و شمار کو روزانہ اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے تاکہ ریاست کی ویکسینیشن کی کوششوں میں تازہ ترین صورتحال کی عکاسی کی جا سکے۔ NYSIIS اور CIR کی جانب سے ریاست نیویارک کے محکمۂ صحت کو اطلاع کردہ اعداد و شمار وفاقی طور پر اطلاع کردہ اعداد و شمار سے تھوڑے سے مختلف ہیں، جس میں وفاق کی طرف سے لگائی گئی خوراکیں اور دیگر معمولی فرق شامل ہیں۔ مذکورہ بالا ریلیز میں دونوں کے اعداد و شمار شامل ہیں۔

**اہم نوٹ:** آج کی رپورٹ میں جمعہ، 21 اپریل سے لے کر جمعرات، 27 اپریل تک کے اعداد و شمار شامل ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں